فوری ریلیز کے لیے: 6/10/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے LIRR ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن پر دوطرفہ ایونٹ ڈے سروس شروع کرنے کا اعلان کیا***

***آئی لینڈرز کے پرستار، کنسرٹ کے شرکا اب ویسٹ باؤنڈ ٹرینز پر براہ راست UBS ایرینا تک جاسکتے ہیں***

***ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن کے نئے پلیٹ فارم معذور افراد کے لیے قابل رسائی ہیں اور جدید سہولیات کے حامل ہیں جن میں اوور پاس بھی شامل ہے جو صارفین کو ایسٹ باؤنڈ اور ویسٹ باؤنڈ پلیٹ فارمز کے درمیان محفوظ طریقے سے آنے جانے کی سہولت فراہم کرتا ہے***

***ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن اس سال ایک مکمل سروس اسٹیشن ہو جائے گا***

***اسٹیشن میں نیا آرٹ ورک، سائیکلکل ایوریتھنگ، منجانب Shawna X شامل ہے جس کی آج نقاب کشائی کی گئی***

***اس تقریب کی تصاویر [یہاں](#) دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی لانگ آئی لینڈ ریل روڈ ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن کا اعلان کیا، جو تقریباً 50 سالوں میں پہلا نیا LIRR اسٹیشن ہے، یہ اسٹیشن اب UBS ایرینا کی تقریبات کے دنوں میں ایسٹ باؤنڈ اور ویسٹ باؤنڈ ٹرینز، دونوں کو سہولت فراہم کرسکتا ہے اور 2022 کے آخر تک مکمل طور پر سال بھر سروس فراہم کرنا شروع کردے گا۔ آج سے، لانگ آئی لینڈ کے شہری جو بیلمونٹ پارک کے مشرق میں رہتے ہیں، ان کو UBS ایرینا کی تقریبات کے لیے ایک براہ راست سواری دستیاب ہو گی۔ اس سے سفر کے اوقات میں کمی آئے گی اور توقع کی جاتی ہے کہ تقریب کے ان شرکا کی تعداد میں اضافہ ہوگا جو عوامی ذرائع آمد و رفت کا استعمال کرتے ہیں، جس سے لانگ آئی لینڈ میں ٹریفک پھنسنے کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ نیو یارک سٹی سے سفر کرنے والے اب تقریبات کے بعد، کوینز ولیج اسٹیشن کے لیے پچھلے سال پیش کی جانے والی شٹل بس میں سوار ہونے کی ضرورت کے بغیر کئی ٹرینوں کے ذریعے براہ راست واپس آسکتے ہیں۔

"عالمی معیار کے ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن پر دونوں جدید، قابل رسائی پلیٹ فارمز کا کھلنا لانگ آئی لینڈ اور ریاست نیویارک کی فتح ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک کے شہری اب آئی لینڈرز کی گیمز اور کنسرٹس تک اور وہاں سے واپسی پر پہلے سے زیادہ آرام دہ سواری سے لطف اندوز ہوں گے، اور میں ایمپائر اسٹیٹ کے تمام کونوں تک اس طرح کے تبدیلی کے منصوبوں کو جاری رکھنے کی امید رکھتی ہوں۔"

"بنیادی ڈھانچہ وہ چیز ہے جو ریاست اور لانگ آئی لینڈ کے لیے سماجی اور اقتصادی دونوں لحاظ سے ترقی کرنا ممکن بناتا ہے۔" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "مین لائن تھرڈ ٹریک، گرینڈ سینٹرل میڈیسن اور اس نئے ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن جیسے منصوبوں کے ساتھ نیویارک، لانگ آئی لینڈ کے شہریوں اور جزیرے پر آنے والوں کو ایک جدید، عالمی معیار کا، ہر موقع پر مقابلہ کرنے والا ریل روڈ کا نظام فراہم کر رہا ہے جس سے ٹریفک پھنسنے کو کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔"

LIRR اور MTA کو نئے اسٹیشن کی تعمیر کی صفر لاگت آئی ہے۔ ایرینا کے ڈیولپرز اور ریاست نیویارک نے تخمینہ شدہ 105$ ملین کے اس منصوبے کی مکمل مالی اعانت کے لیے شراکت کی۔ کُل لاگت میں سے 90% سے زیادہ ایرینا ڈیولپرز نے ادا کیے جبکہ باقی حصہ ریاست نیویارک نے شامل کیا۔ ریاست کا حصہ ٹیکس کی اس نئی آمدنی کا ایک معمولی حصہ ہے جو اس منصوبے سے متوقع ہے۔ یہ منصوبہ اس تبدیلی کو ظاہر کرتا ہے جو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، عوامی ذرائع آمد و رفت میں لا سکتی ہے۔

ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن میں دو 12 کارز جتنے لمبے، چھتوں والے اعلیٰ سطح کے پلیٹ فارمز، USB چارجنگ اسٹیشن، ہیلپ پوائنٹس، سیکیورٹی کیمرے، ٹرین کی آمد کی معلومات والے ڈیجیٹل سائنز، وائی فائی اور پلیٹ فارمز کے کنکریٹ میں ضم شدہ برف پگھلانے کا جدید نظام شامل ہے جو یہ یقینی بناتا ہے کہ موسم سرما کے طوفانوں کے دوران برف اور منجمد ہونے سے پاک رہیں۔ نیا اسٹیشن امریکینز ود ڈس ایبلٹی ایکٹ کی مکمل طور پر تعمیل کرتا ہے، جس میں پیدل چلنے والوں کے لیے، ہر پلیٹ فارم کے لیے ایک وسیع اوور پاس کی خاصیت موجود ہے جو بڑے ہجوم اور دو لفٹوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

**MTA کے چیئر اور سی ای او Janno Lieber نے کہا،** "UBS ایرینا کا گزشتہ موسم خزاں میں کھلنے کے بعد سے بڑی تقریبات سے بھرا ہوا شیڈول ہے اور دونوں پلیٹ فارمز کے ساتھ اب نیویارک کے شہریوں کو آئی لینڈرز کی گیمز، کنسرٹس اور دیگر تقریبات کے لیے براہ راست ریل روڈ تک رسائی حاصل ہوگی۔ تیسرے ٹریک کی تکمیل اور گرینڈ سینٹرل ٹرمینل کے لیے سروس کے آغاز کے ساتھ یہ بروقت، بجٹ کے اندر ایلمونٹ منصوبہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہم کس طرح LIRR کے صارفین کے لیے خدمات، سہولت اور آپشنز میں ڈرامائی طور پر اضافہ کر رہے ہیں۔"

**لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کی عبوری صدر اور میٹرو نارتھ ریل روڈ کی صدر Catherine Rinaldi نے کہا،** "MTA نے مین لائن پر تیسرے ٹریک، پین اسٹیشن میں ایک نئی LIRR راہ داری اور گرینڈ سینٹرل میڈیسن میں ایک نئے ٹرمینل جیسے میگا منصوبوں کے ذریعے لانگ آئی لینڈ کے مستقبل میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ہے۔ ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن ان عظیم کاموں کی ایک مثال ہے جو مقامی بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کر کے کیے جاسکتے ہیں۔ اب دونوں پلیٹ فارمز کا کھلنا لوگوں کے لیے ایرینا میں ہونے والی تقریبات میں جانے کا ایک نیا آپشن فراہم کرتا ہے اور اس سے مقامی سڑکوں پر ٹریفک کو کم کرکے ماحول کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔"

**MTA کنسٹرکشن اینڈ ڈیولپمنٹ کے صدر Jamie Torres-Springer نے کہا،** "یہ تقریباً 50 سالوں میں پہلا نیا LIRR اسٹیشن ہے، جو وقت پر اور بجٹ میں رہتے ہوئے بنایا گیا ہے۔ جدید تعمیراتی تکنیکوں اور منصوبے کی مستقل مزاج مینجمنٹ کی بدولت، ہم ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن کو آئی لینڈرز کے نئے سیزن سے پہلے دوطرفہ سروس کے لیے تیار رکھنے کے اپنے وعدے کو پورا کر رہے ہیں۔"

**ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ بورڈ کے چیئرمینKevin Law نے کہا،** "ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن پر ویسٹ باؤنڈ اور ایسٹ باؤنڈ دونوں پلیٹ فارمز کے کام کرنے سے لانگ آئی لینڈرز کے لیے سروس میں اضافہ ہوگا اور مسافروں کو علاقے کے کاروباروں اور UBS ایرینا میں ہونے والی تقریبات سے منسلک کرکے اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ گورنر Hochul کی قیادت میں ریاست نیویارک، ریل روڈز اور سب ویز پر جدید اور بہتر سروس کی فراہمی جاری رکھے گی جس سے نیویارک کے شہریوں کو آمد و رفت میں مدد ملے گی کیونکہ اقتصادی ترقی اور قابل اعتماد بڑے پیمانے پر آمد و رفت ایک دوسرے کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Leroy Comrie نے کہا،** "جیسا کہ ہم اپنی ریاست کو زیادہ پائیدار اور ماحول دوست مستقبل کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن پر پچھلے 50 سالوں کے سب سے نئے LIRR اسٹیشن پر ویسٹ باؤنڈ سروس، اس مقام تک ایک سواری میں پہنچ فراہم کرے گی، جو بھیڑ کو کم کرے گا اور عوامی ذرائع آمدورفت کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ مقامی ذرائع آمد و رفت میں سرمایہ کاری سے ایسے فوائد حاصل ہوتے ہیں جو مقامی کمیونٹیز میں دیرپا ہوتے ہیں اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا فائدہ اٹھانا، نیویارک میں ذرائع آمد و رفت کو از سر نو شکل دینے کی جانب ایک ضروری قدم ہے۔ میں گورنر Hochul، UBS ایرینا پارٹنرز کے ساتھ ساتھ MTA/LIRR ٹیموں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں جنھوں نے میرے اور میرے ساتھیوں کے ساتھ مل کر

کام کیا، لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کیا تاکہ اس اسٹیشن کو تصور سے حقیقت کی طرف جاتے ہوئے دیکھا جائے۔"

**ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا،** "نیا ایلمونٹ اسٹیشن ہماری کمیونٹی میں ایک اہم سرمایہ کاری ہے جو آئی لینڈ کے شائقین کو ٹرین پر گیم تک لے جانے کی سہولت فراہم کرے گی، اور آخر کار محلے کے رہائشیوں کو LIRR مین لائن پر کُل وقتی اسٹاپ دے گی۔ یہ نیا اسٹیشن ان عظیم چیزوں کی ایک روشن مثال ہے جو ہم لانگ آئی لینڈ پر بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کر کے حاصل کر سکتے ہیں، اور یہ ان تمام کارکنوں کے عزم کی گواہی ہے جنہوں نے عالمی وبا کے ہوتے ہوئے اسے وقت پر اور بجٹ کے اندر رہتے ہوئے پورا کیا۔ "

**رکن اسمبلی Michaelle C. Solages نے کہا،** " LIRR Elmont-UBS ایرینا اسٹیشن پر دوطرفہ ایونٹ ڈے سروس کے آغاز کے ساتھ، ہم رہائشیوں کے لیے ایک دیرینہ مقصد کو مکمل طور پر حاصل کرنے کے ایک قدم قریب پہنچ گئے ہیں۔ اس کے آغاز سے، ہم نے ایلمونٹ کی کمیونٹی کے لیے اس تعمیر نو کے منصوبے کو ایک مثبت تجربہ بنانے کی کوشش کی ہے، اور یہ تبدیلیاں LIRR کی مجموعی کارکردگی اور سہولت میں صرف اضافہ ہی کریں گی۔ ہم تقریبات تک جانے کے لیے اس براہ راست سواری کے لیے پرجوش ہیں اور ایک مکمل سروس اسٹیشن کے منتظر ہیں جس پر مسافر سال بھر انحصار کر سکیں"۔

**UBS ایرینا کی صدر Kim Stone نے کہا،** "صرف 30 منٹ میں، شائقین پین اسٹیشن سے لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے ذریعے UBS ایرینا تک آسانی سے سفر کر سکتے ہیں۔ تقریبات کے دنوں میں ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن پر نئی ایسٹ باؤنڈ اور ویسٹ باؤنڈ سروس کے ساتھ، اب نیویارک کے مزید شہریوں کو ہمارے حیرت انگیز وینیو تک آسانی سے رسائی حاصل ہے۔ بہت شکریہ گورنر Hochul، ریاستی قانون ساز لیفٹیننٹ گورنر Delgado اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے تمام محنتی مرد اور خواتین۔"

**LIRR کمیوٹر کونسل کے چیئر اور MTA بورڈ کے ممبر Gerard Bringmann نے کہا،** "ایلمونٹ اسٹیشن پر تقریبات سے متعلق دوطرفہ سروس کا آج آغاز پچھلے 50 سالوں کے پہلے نئے LIRR اسٹیشن کے لیے اگلا اہم قدم ہے، جس کی اتفاق سے آئی لینڈرز کے 50 ویں سالگرہ کے سیزن کے آغاز کے موقع پر ابتدا ہو رہی ہے۔ نئے اسٹیشن اور UBS ایرینا کا سفر کرنے والوں کے پاس جشن منانے کے لیے بہت کچھ ہے - اور ایسٹ سائڈ تک رسائی مکمل ہونے کے بعد، ہمیں کمیونٹی کے لیے مزید باقاعدہ سروس ملے گی۔ یہ اسٹیشن اس سال آنے والی LIRR کی بہت سی بڑی بہتریوں میں سے ایک ہے، جس سے مقامی ذرائع سفر کو مزید کئی لانگ آئی لینڈرز کا اولین انتخاب بنانے میں مدد ملتی ہے اور علاقے کے اطراف کے لوگوں کو ترغیب ملتی ہے کہ جب وہ لانگ آئی لینڈ آئیں تو ٹرین میں سواری کریں۔ مسافروں کو دوبارہ لانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایلمونٹ جیسے نئے اسٹیشنز اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے والی سروس میں سرمایہ کاری کی جاتی رہے۔"

**GO -505 کے جنرل چیئرمین برائے SMART ٹرانسپورٹیشن ڈویژنAnthony Simon نے کہا،** "نیا ایلمونٹ اسٹیشن مسافروں کے تجربے اور خصوصی تقریبات میں سروس دونوں کو بہتر بنانے کے MTA/LIRR کے عزم کی ایک اور مثال ہے۔ ویسٹ باؤنڈ پلیٹ فارم کا اضافہ اسٹیشن کے مکمل افادے کی تکمیل کرتا ہے اور نئے UBS ایرینا تک آنے اور جانے کے لیے مزید آپشنز فراہم کرے گا۔ ہم بنیادی ڈھانچے کے ایک اور کامیاب میگا منصوبے کے لیے اپنی یونین کے تمام محنتی بھائیوں اور بہنوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ MTA/LIRR مسافروں اور اس کی خدمت کرنے والی کمیونٹیز کے لیے مسلسل حمایت اور ثابت قدمی پر گورنر Hochul کا شکریہ۔"

**آئی لینڈرز کے شریک مالک Jon Ledecky نے کہا،** "ایلمونٹ اسٹیشن ہاکی اور موسیقی کے شائقین کے لیے UBS ایرینا آنے جانے کے لیے ایک ضروری ذریعہ آمد و رفت کا آپشن فراہم کرتا ہے۔ ہمارے شائقین کے لیے گیمز تک پہنچنے کا سب سے مناسب طریقہ ٹرین ہے - یہ تیز ہے اور کارآمد ہے، یہ مؤثر ہے اور پین اسٹیشن سے صرف 30 منٹ کی دوری پر ہے۔"

اسٹیشن میں آج منظر عام پر آنے والا آرٹسٹ Shawna X کا نیا آرٹ ورک شامل ہے جس کا عنوان *سائیکلیکل ایوری تھنگ* ہے ۔ آرٹ ورک میں ایک بیضوری شکل کا موٹیف استعمال کیا گیا ہے جس کا مقصد قریبی ریس ٹریک اور

ایرینا، ساتھ ہی ایلمونٹ کی ابھرتی اور تبدیل ہوتی ہوئی نوعیت اور اس تاریخی مقام کے ارد گرد کی بہت سی مخصوص ثقافتوں کی نمائندگی کرنا ہے۔ دھاتی پینلز ریلنگ میں لگائے گئے ہیں جو جنوبی پلیٹ فارم کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں اور شمالی پلیٹ فارم کے ریمپ میں، واضح سیاہ لکیروں کا استعمال کرتے ہوئے اس کی تال کو برقرار رکھتے ہیں۔ اسٹیشن اوور پاس کو دس چمکدار رنگوں والے شیشے کے پینلز کی ایک قطار سے روشن کیا گیا ہے جو قریبی نو تعمیر شدہ UBS ایرینا میں موسیقاروں، کھلاڑیوں اور فنکاروں کا حوالہ دیتے ہوئے حرکت کرتے اجسام کی نمائندگی کرتے ہیں۔

ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن نے اتفاقاً نومبر 2021 میں نیویارک آئی لینڈرز کے پہلے ہوم گیم کے ساتھ نئے UBS ایرینا میں سروس کا آغاز کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اس وینیو نے اسٹیشن کے قریب اور اس کے کیمپس کے آس پاس کے علاقے میں اضافی سرمایہ کاری کی ہے، تاکہ ، موقعے پر مہمانوں کے تجربے کو مزید بہتر کیا جاسکے۔ وہ ٹیم اور وینیو پارٹنرز کے ساتھ مل کر شائقین کے لیے مختلف مراعات پیش کرنے کے لیے بھی کام کریں گے تاکہ ان کو پورے سیزن میں UBS ایرینا تک جانے کے لیے ٹرین کے سفر کی ترغیب ملے۔

جب اس سال کے آخر میں گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے لیے LIRR سروس شروع ہوگی، ELMONT-UBS ایرینا اسٹیشن ہیمپسٹیڈ برانچ پر سال کے تمام 365 دن سروس والا کُل وقتی اسٹیشن بن جائے گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418